کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

فوڈ سٹریٹ میں کاروبار کرنے کا نادر موقع

کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی صدر بنک روڈ میں فوڈ سٹریٹ میں کامیاب آکشن جو کہ مورخہ 06,05 اور 10 مارچ کو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں منعقد ہوئی، جس میں بقیہ رہ جانے والے فوڈ کیبن کی دوبارہ آکشن کا انعقاد کر رہا ہے۔ اس نادر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ فوڈ، ڈیکوریشن اینڈ ہینڈ یکرافٹ کیبن / (Kiosks) کی الاٹمنٹ شفاف طریقے سے شاندار نیلام عام "ماہانہ کرایہ" کی بنیاد پر مورخہ **16-04-2025** بوقت 11 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی میں منعقد کر رہا ہے۔ نیلام عام میں حصہ لے کر اس نادر موقع سے فائدہ اُٹھائیں کسی وجہ سے مقررہ تاریخ پر بولی نہ ہونے کی صورت میں اس کی دوبارہ بولی مورخہ **17-04-2025** کو اور سہ بارہ بولی **18-04-2025** کو اسی وقت/مقام پر منعقد ہوگی۔ شرائط وضوابط کیلئے کینٹ بورڈ کی لینڈر یونیو برانچ سے دفتری اوقات کار میں معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

فوڈ، ڈیکوریشن اینڈ ہینڈ یکرافٹ کیبن /(Kiosks) کا سائز - '12 x '8

شرائط وضوابط:

۱۔ فوڈ، ڈیکوریشن اینڈ ہینڈ یکرافٹ کیبن / (Kiosks) کے حقوق کرایہ داری عرصہ **2 سال** کے لیے ہوں گے۔ جس میں دوسرے سال 10% کمپاؤنڈ اضافہ ہوگا۔

۲۔ نیلامی میں حصہ لینے والے حضرات کو بولی سے قبل اپنے قابل عمل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ہمراہ کال ڈیپازٹ بشکل بنک ڈرافٹ مالیتی مبلغ **Rs.5,00,000/-** **(5 لاکھ)** روپے بطور زر بیعانہ بنام ایگزیکٹو آفیسر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کینٹ میں جمع کروانا ہوگی۔ بولی کے اختتام پر ماسوائے اول اور دوئم آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کی کال ڈیپازٹس بذریعہ درخواست واپس کر دی جائیں گی۔

۳۔ فوڈ، ڈیکوریشن اینڈ ہینڈ یکرافٹ کیبن / (Kiosks) کی Reserve Price ماہانہ کرایہ مبلغ -/1,00,000 (ایک لاکھ روپے) سے بولی شروع ہوگی۔

۴۔ بولی کی مجاز اتھارٹی سے حتمی منظوری کے 07 دن کے اندر کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے حساب سے **03** ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی جمع کرانا ہوگا جبکہ **01** سال کا ایڈوانس کرایہ جمع کرانا ہوگا جو بعد ازاں ماہانہ کرایہ میں ایڈجسٹمنٹ کر دیا جائے گا بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق کینٹ بورڈ راولپنڈی ضبط کر لی جائے گی اور مذکورہ کیبن / (Kiosks) کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی۔

۵۔ ہر ماہ -/5000 روپے بطور سروس چارجز/صفائی چارجز فیس ادا کرے گا۔

۶۔ کیبن / (Kiosks) کا ماہانہ کرایہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ایڈوانس جمع کرانا ہوگا، دس تاریخ کے بعد عدم ادائیگی کی صورت میں مبلغ -/1000 روپے فی دن کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ جرمانہ معاف کرنے کا اختیار بورڈ کا ہوگا

۷۔ کنٹونمنٹ مجسٹریٹ اور فوڈ انسپکٹر کسی بھی وقت فوڈ کیبن / (Kiosks) کا، جس میں قیمت، معیار اور صفائی کا معائنہ کر سکتے ہیں۔ صفائی حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ہوگی، بصورت دیگر کنٹونمنٹ بورڈ جرمانہ عائد کرنے کا مجاز ہوگا۔

۸۔ کامیاب بولی دہندہ کیبن / (Kiosks) میں کسی قسم کی تعمیر/تبدیلی کینٹ بورڈ سے تحریری اجازت لیے بغیر نہ کرنے کا پابند ہوگا۔

۹۔ کامیاب بولی دہندہ صفائی ستھرائی رکھنے اور اس ضمن میں کینٹ بورڈ کے احکامات کا پابند ہوگا۔

۱۰۔ کیبن / (Kiosks) کی مرمت وغیرہ اپنے حرچہ وخرچہ پر بورڈ سے منظوری لینے کے بعد خود کروائے گا کینٹ بورڈ مرمت کے اخراجات کی ادائیگی کا ذمہ دار نہ ہوگا

۱۱۔ کامیاب بولی دہندہ بجلی، ٹیلیفون کی سپلائی کے لیے کینٹ بورڈ سے باقاعدہ NOC حاصل کرے گا۔ جبکہ اس کے تمام اخراجات وہ اپنی جیب سے ادا کرے گا۔

۱۲۔ کنکشن کے حصول میں تاخیر کی صورت میں کرایہ میں کسی قسم کی رعایت نہیں ہوگی۔

۱۳۔ کنٹونمنٹ بورڈ کیبن / (Kiosks) کی کرایہ داری کی مقررہ مدت کے اختتام پر کسی بھی قسم کی اضافی فٹنگ اتارنے کی اجازت نہ دے گا۔ کیبن / (Kiosks) بمعہ تمام اضافی فٹنگ سب کینٹ بورڈ کی ملکیت تصور ہوں گی اور صرف Moveable Items وغیرہ لے جانے کی اجازت ہوگی۔

۱۴۔ کامیاب الاٹی کسی بھی قسم کی بدنظمی/شور شرابے کا مجاز نہیں ہوگا۔بصورت دیگر الاٹمنٹ منسوخ کردی جائے گی۔

۱۵۔ کیبن / (Kiosks) کی تزین و آرائش اور دیکھ بھال کے تمام اخراجات کامیاب الاٹی کے ذمہ ہونگے۔

۱۶۔ کامیاب بولی دہندہ کیبن / (Kiosks) کو شکمی کرایہ داری پر نہیں دے گا۔

۱۷۔ کامیاب الاٹی مہیا کی گئی جگہ کو کسی اور کاروبار کیلئے استعمال نہیں کرے گا۔

۱۸۔ کامیاب الاٹی تمام واجب الادا رقم جمع کرانے کے بعد بورڈ کے شرائط وضوابط کے مطابق ایگریمنٹ/بیان حلفی دیگا۔

۱۹۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر/مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت کوئی بھی وجہ بتائے بغیر الاٹمنٹ کو منسوخ کرسکتا ہے۔

۲۰۔ دوران معاہدہ کرایہ دار فوڈ، ڈیکوریشن اینڈ ہینڈیکرافٹ کیبن / (Kiosks) ہولڈر کی وفات کی صورت میں مذکورہ کیبن / (Kiosks) کے حقوق کرایہ داری ختم کردیئے جائیں گے اور مذکورہ کیبن / (Kiosks) کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی

۲۱۔ اشتہار بمعہ شرائط نیلامی PPRA ، ML&C اور کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔ زیردستخطی/کنٹونمنٹ بورڈ PPRA Rules کے تحت کوئی ایک بولی یا تمام بولیاں مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے

۲۲۔ انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین/شرح کے تحت ہوگا جو کہ بولی کے اختتام پر جمع کرانا ہوگا۔

۲۳۔ بورڈ کو بلا شرکت غیرے ہر قسم کا حق حاصل ہے کہ وہ شرائط نیلام میں قانون کے مطابق کسی بھی قسم کی ترمیم کرسکے گا۔

۲۴۔ ایسا کوئی شخص یا ادارہ جو کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کا نادہندہ ہو بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

۲۵۔ کامیاب الاٹی وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی حکومتی اور محکمانہ ہدایات پر عملدرآمد ضروری ہوگا۔

۲۶۔ دونوں پارٹیوں میں تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

نوٹ:۔ مزید معلومات دفتری اوقات کار میں لینڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کینٹ